


# مجوسی کا قبولِ اسلام


- مدنی بہاروں کی اہمیّت 1
- مدنی بہاروں کی ویب سائٹ کا مختصر تعارف 17
- مدنی بہاریں بیان کرنے کی احتیاطیں 21
- مدنی بہاریں بیان کرنے کی نیّتیں 22



المدینۃ العلمیۃ
(دعوتِ اسلامی)
(شعبہ امیرِ اہلسنّت)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

## دُرُودِ پاک کی فضیلت

**شَیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی** حضرت علامہ مولانا ابو بلال **محمد الیاس عطار** قادری رضوی ضیائی دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ اپنی مناجاتوں، نعتوں اور مَنقَبتوں کے مُعطّر و مُعنبر مَدَنی گُلدستے **''وسائلِ بخشش''** میں دُرودِ پاک کی فضیلت نقل فرماتے ہیں کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے محبوب، دانائے غُیُوب، مُنَزَّہٌ عَنِ الْعُیُوب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا فرمانِ عظمت نشان ہے: جس نے دن اور رات میں میری طرف شوق ومحبت کی وجہ سے تین تین مرتبہ دُرودِ پاک پڑھا اللہ عَزَّوَجَلَّ پر حق ہے کہ وہ اُس کے اُس دن اور رات کے گناہ بخش دے۔

(الترغیب والترھیب،٢/٣٢٨،حدیث: ٢٣)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## مدنی بہاروں کی اہمیّت

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** تاریخ اور سیرتِ بزرگانِ دین کی کُتب کے مطالعے سے ایک بات واضح ہوتی ہے کہ کئی ایسی بزرگ ہستیاں جن کا ذکر کرنا سعادت مندی سمجھا جاتا ہے، ان کے مقامِ وِلایت کے اعلیٰ درجوں پر فائز ہونے



www.dawateislami.net

سے پہلے کے واقعات کو درس ونصیحت کے لئے مُتعدد کُتب میں بیان کیا گیا ہے تا کہ لوگ ان سے درس حاصل کریں اور اپنی قبر وآخرت کی تیاری میں مشغول ہو جائیں، انہی اولیاء اللہ میں حضرت سیّدنا ابراہیم بن ادھم عَلَیْہِ رَحْمَۃُاللّٰہِ الْاَکْرَم، حضرت سیّدنا بشر حافی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْکَافِی، حضرت سیّدنا فُضَیل بن عیاض رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ اور حضرت سیّدنا مالک بن دینار عَلَیْہِ رَحْمَۃُاللّٰہِ الْغَفَّار جیسی بلند پایہ ہستیاں بھی شامل ہیں۔ شیخ طریقت، امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ نے حضرت مالک بن دینار عَلَیْہِ رَحْمَۃُاللّٰہِ الْغَفَّار کی زندگی میں برپا ہونے والے مدنی انقلاب کو اپنے رسالے ''نیک بننے کا نسخہ'' میں بھی نقل فرمایا ہے۔

حضرتِ سیِّدُ نا مالک بن دینار عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْغَفَّار سے کسی نے ان کی توبہ کا سبب پوچھا تو فرمایا: میں مَحکمہ ٔ پولیس میں سِپاہی تھا، گناہوں کا عادی اور پکّا شرابی تھا۔ میری ایک ہی بَچّی تھی اس سے مجھے بے حد پیار تھا۔ وہ دو سال کی عمر میں فوت ہوگئی، میں غم سے نِڈھال ہوگیا۔ اِسی سال جب شبِ بَرَاءَت آئی میں نے نَمازِ عشا تک نہ پڑھی، خوب شراب پی اور نشے ہی میں مجھے نیند نے گھیر لیا۔ میں خواب کی دنیا میں پُہنچ گیا، کیا دیکھتا ہوں کہ مَحشر برپا ہے، مُردے اپنی اپنی قبروں سے اُٹھ کر جَمع ہو رہے ہیں، اِتنے میں مجھے اپنے پیچھے سَرسَراہٹ محسوس ہوئی، مُڑ کر جو دیکھا تو ایک قد آور سانپ منہ کھولے مجھ پر حملہ آور ہونے والا تھا! میں گھبرا کر بھاگ کھڑا ہوا،



www.dawateislami.net

سانپ بھی میرے پیچھے پیچھے دوڑنے لگا، اِتنے میں ایک نورانی چہرے والے **کمزور بُزُرگ** پر میری نظر پڑی، میں نے ان سے فریاد کی تو اُنہوں نے فرمایا: ''میں بے حد کمزور ہوں آپ کی مدد نہیں کرسکتا۔'' میں پھر تیزی کے ساتھ بھاگنے لگا، سانپ بھی برابر تَعاقُب میں تھا، دوڑتے دوڑتے میں ایک ٹیلے پر چڑھ گیا، ٹیلے کے اُس طرف **خوفناک آگ** شُعلہ زَن تھی اور کافی لوگ اُس میں جل رہے تھے، میں اُس میں گرنے ہی والا تھا کہ آواز آئی: ''پیچھے ہٹ جا تُو اس آگ کیلئے نہیں ہے۔'' میں نے اپنے آپ کو سنبھالا اور پلٹ کر دوڑنے لگا اور **سانپ** بھی پیچھے پیچھے تھا، وُہی **کمزور بُزُرگ** مجھے پھر مل گئے اور رَو کر فرمانے لگے: ''افسوس! میں بَہُت ہی کمزور ہوں آپ کی مدد نہیں کرسکتا، وہ دیکھئے سامنے جو **گول پہاڑ** ہے وہاں مسلمانوں کی ''امانتیں'' ہیں، وہاں تشریف لے جایئے، اگر آپ کی بھی وہاں کوئی امانت ہوئی تو اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ رہائی کی کوئی صورت نکل آئے گی۔'' میں گول پہاڑ پر پہنچا، وہاں دَریچے بنے ہوئے تھے، ان دَریچوں پر ریشمی پردے لٹک رہے تھے، دروازے **سونے** کے تھے اور ان میں **موتی** جَڑے ہوئے تھے۔ فِرِشتے اعلان فرمانے لگے: ''پردے ہٹا دو'' دروازے کھول دو، شاید اِس پریشان حال کی کوئی ''امانت'' یہاں موجود ہو، جو اِسے سانپ سے بچالے۔'' دریچے کُھل گئے اور بَہُت سارے بچّے چاند سے چِہرے چمکاتے جھانکنے لگے، ان ہی میں میری فوت شدہ دو سالہ **بچّی**



www.dawateislami.net

بھی تھی، مجھے دیکھ کر وہ رو رو کر چلّانے لگی: ''خدا کی قسم! یہ تو میرے ابّو جان ہیں۔'' پھر زوردار چھلانگ لگا کر وہ میرے پاس آ پہنچی اور اپنے بائیں ہاتھ سے میرا دایاں ہاتھ تھام لیا۔ یہ دیکھ کر وہ **قد آور سانپ** پلٹ کر بھاگ کھڑا ہوا، اب میری جان میں جان آئی، بچّی میری گود میں بیٹھ گئی اور سیدھے ہاتھ سے میری داڑھی سہلاتے ہوئے اُس نے پارہ 27 **سُوْرَۃُ الْحَدِیْد** کی سولھویں آیت کا یہ جُز تلاوت کیا:

**اَلَمْ یَاْنِ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ لِذِكْرِ اللّٰهِ وَ مَا نَزَلَ مِنَ الْحَقِّ ۙ** ترجمہ کنزالایمان: کیا ایمان والوں کو ابھی وہ وقت نہ آیا کہ ان کے دل جھک جائیں اللّٰہ (عَزَّوَجَلَّ) کی یاد اور اس حق (یعنی قرآن پاک) کے لئے جو اُترا۔

اپنی بچّی سے یہ آیتِ کریمہ سن کر میں رو پڑا۔ میں نے پوچھا: بیٹی وہ **قد آور سانپ** کیا بلا تھی؟ کہا: وہ آپ کے بُرے اعمال تھے جن کو آپ بڑھاتے ہی چلے جارہے ہیں۔ **قد آور سانپ** نُما بداعمالیاں آپ کو جہنَّم میں پہنچانے کے درپے ہیں۔ پوچھا: وہ **کمزور بُزُرگ** کون تھے؟ کہا: وہ آپ کی نیکیاں تھیں چُونکہ آپ نیک عمل بَہُت کم کرتے ہیں لہٰذا وہ بے حد کمزور ہیں اور آپ کی بُرائیوں کا مقابلہ کرنے سے قاصِر ہیں۔ میں نے پوچھا: تم یہاں پہاڑ پر کیا کرتی ہو؟ کہا: ''مسلمانوں کے فَوت شُدہ بچّے یہیں مُقیم ہو کر قِیامت کا انتظار کرتے ہیں، ہمیں اپنے والِدَین کا انتظار ہے کہ وہ آئیں تو ہم ان کی شَفاعت کریں۔'' پھر میری آنکھ کُھل گئی، میں اس خواب سے



www.dawateislami.net

سہم گیا تھا، اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ میں نے اپنے تمام گناہوں سے رو رو کر توبہ کی۔

(روض الرّیاحین، ص۱۷۳)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ نے ہر انسان کو فطرتِ سلیمہ پر پیدا فرمایا ہے اور اُسے قلبِ سلیم کی نعمت سے نوازا ہے مگر ماں باپ سے ملنے والی تربیت، اساتذہ اور معاشرے میں رہنے والے لوگوں کی صحبت اُسے نکھار دیتی ہے یا بگاڑ دیتی ہے۔ فی زمانہ اچھی صحبتیں کمیاب اور بری صحبتیں عام ہوتی جا رہی ہیں۔ اسی وجہ سے لوگ مختلف گناہوں میں گرفتار اور قرآن وسنت کی تعلیمات سے غفلت کا شکار نظر آتے ہیں، مگر بارہا دیکھا گیا ہے کہ جب کوئی بیدار دل شخص انہیں خوابِ غفلت سے بیدار کرتا ہے اور اُنہیں زندگی کے مقصد سے آشنا کرتا ہے تو وہ اپنے گناہوں سے تائب ہو جاتے اور توشۂ آخرت جمع کرنے میں مشغول ہو جاتے ہیں۔ آج کے اس پُرفتن دور میں جبکہ لوگ دنیا کی محبت میں گرفتار ہیں، یادِ الٰہی سے غافل ہیں، فیشن پرستی کی طرف مائل ہیں، دنیا ہی کے حصول کو مقصدِ حیات سمجھ بیٹھے ہیں اور اسی کی طلب میں اپنی زندگی بسر کر رہے ہیں، ایسے نازک حالات میں اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ نے بزرگانِ دین کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے نیکی کی دعوت عام کرنے کا بیڑا اُٹھایا اور تبلیغِ



www.dawateislami.net

قرآن وسنّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی کی صورت میں مدَنی تحریک کا آغاز فرمایا، جس کے تحت کام کرنے والے مختلف شعبہ جات آپ دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے فرمودات کی روشنی میں دن رات کام کررہے ہیں اور اُمّت کی اصلاح اور انسانیت کی فلاح کے لیے دنیا بھر میں اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔

**امیرِ اہلسنّت** دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے اثر انگیز بیانات اور دِل میں مدَنی انقلاب برپا کرنے والی تحریرات نے معصیت وگمراہی کے اندھیروں میں سنتوں کا اُجالا کردیا ہے۔ آپ دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی اصلاحی سرگرمیوں کے سبب لاکھوں لاکھ مسلمانوں کی زندگیوں میں مدنی انقلاب برپا ہوگیا، اُن کی بگڑی حالتیں سنور گئیں، صوم وصلوٰۃ کی پابندی اور گناہوں سے کنارا کشی کی توفیق مل گئی، قتل وغارت گری، ڈاکہ زنی اور چوری چکاری سے بھی توبہ نصیب ہوگئی۔

**دعوتِ اسلامی** کے مدَنی ماحول کی برکت سے جن بے عمل مسلمانوں کو عمل کا جذبہ مُیَسّر آگیا یا کفر کی وادیوں میں بھٹکنے والوں کو گلشنِ اسلام مل گیا یا کسی شخص کو خاتمہ بالخیر نصیب ہوگیا تو ایسے خوش نصیب اسلامی بھائیوں کی مدَنی بہاریں تحریری صورت میں دعوتِ اسلامی کے عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ بھیجی جاتی ہیں جہاں مجلس ''المدینۃ العلمیۃ'' کے تحت قائم شعبہ ''امیرِ اہلسنّت'' میں ان مدَنی بہاروں پر کام کیا جاتا ہے اور ضروری ترمیم کے بعد مختلف موضوعات کی



www.dawateislami.net

صورت میں انہیں شائع کیا جاتا ہے، تاکہ لوگوں کے لئے نصیحت کا سامان ہو، وہ بھی گناہوں سے بچیں اور قبر و آخرت کی تیاری کریں۔ اب تک بے شمار اسلامی بھائیوں کی مدَنی بہاریں چھپ کر مُشتَہِر ہوچکی ہیں اور بہت سی مرتب ہونے کے مراحل میں ہیں۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ ان مدَنی بہاروں کی بدولت نوجوانوں کی زندگیوں میں مدنی انقلاب برپا ہورہا ہے۔ متعدد مدَنی بہاریں ایسی موصول ہوئیں جن میں مدنی بہار پڑھنے یا سننے یا بذریعہ مدنی چینل اسلامی بھائیوں کو اپنی مدنی بہاریں بیان کرتے ہوئے دیکھنے کی برکت سے دِل میں مدَنی انقلاب برپا ہونے، گناہوں بھری زندگی سے تائب ہونے اور دعوتِ اسلامی کے سنتوں بھرے مدَنی ماحول سے وابستہ ہونے کے بارے میں لکھا ہوا تھا۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ یوں مدنی بہاریں بھی مدَنی بہار لارہی ہیں، مدنی بہاروں کی اہمیت وافادیت پر ایسی ہی مدنی بہاریں ملاحظہ فرمایئے۔

## ﴿1﴾ مجوسی کا قبولِ اسلام

ہند کے **مشہور شہر بمبئ** کے ایک نومسلم اسلامی بھائی جہانگیر عطاری جو پہلے آتش پرست (یعنی آگ کی پوجا کرنے والے) تھے ان کا بیان الفاظ کی کمی بیشی کے ساتھ کچھ اس طرح ہے کہ دامنِ اسلام میں آنے سے قبل میں آتش پرست تھا، میرا باطن کفر وشرک کے اندھیروں میں ڈوبا ہوا تھا، معبودِ برحق اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ سے



www.dawateislami.net

غافل اور غیر مسلموں اور آتش پرستوں کی بے ہودہ رسومات کا عامل تھا۔ چونکہ ایمان کی انمول نعمت سے خالی تھا تبھی نفسانی خواہشات کی تکمیل میری زندگی کا مقصدِ عین تھا، دنیا کے بے شمار نوجوانوں کی طرح مجھ پر بھی ایک نامور فلمی ایکٹر بننے کا بھوت سوار تھا اور اسی مقصد کے حصول کے لیے ایک فلم انڈسٹری میں بطور ایکٹر کام کرتا تھا، عورتوں کے ساتھ ملنے جلنے، بات چیت کرنے، ان کے ساتھ اپنے اوقات بسر کرنے اور بے ہودہ معاملات میں حصہ لینے میں کچھ عار محسوس نہ کرتا تھا، دنیا کمانے اور لذاتِ دنیا کے ذریعے نفس کو تسکین پہنچانے کی تگ ودو میں مصروف رہتا تھا۔ بالآخر میں فلمی دنیا میں مشہور و معروف ایکٹر کے طور پر متعارف ہونے لگا، دو فلمیں ریلیز ہونے والی تھی، کئی فلموں کے لیے سائن کیے ہوئے تھے مگر حقیقت میں یہ شیطان کا بُنا ہوا ایک مضبوط جال تھا جس میں بُری طرح گرفتار تھا۔ مرجھائے پودے کو پانی کے ذریعے ہرا کرنا یا بجھتے دیے کو دوبارہ شعلہ زن کرنا اگرچہ قابلِ تعریف ہے مگر نیا گلشن آباد کرنا اور اندھیرے میں اُجالا کرنا اس سے زیادہ لائقِ تحسین ہے، اسی حقیقت کے مصداق میرے کفر کی تاریکی میں ڈوبے دِل میں نورِ اسلام اور شجرِ ایمان کچھ اس طرح نمودار ہوا کہ میری والدہ مدنی چینل دیکھا کرتی تھیں، تو میں چینل تبدیل کر دیا کرتا تھا، اسی طرح وقت گزرتا رہا، میری قسمت کا ستارا چمکا کہ ایک دن خیال آیا کہ آخر یہ لوگ کیا کہتے



www.dawateislami.net

ہیں؟ ان کے نظریات کیا ہیں؟ یوں ایک دن مدَنی چینل دیکھنے کا موقع ملا، یہ چینل دیگر تمام چینلوں سے بالکل مختلف تھا لہٰذا اس پر نشر ہونے والا سلسلہ دیکھنے لگا، مدَنی چینل پر سلسلہ کرنے والے مُبَلِّغ دعوتِ اسلامی نگاہیں جھکائے، سر پر سبز عمامے شریف کا تاج سجائے ہوئے تھے اور اپنے دِل لبھانے والے انداز میں اصلاحِ اعمال کا درس دے رہے تھے۔ مسلمان اس سے قبل بہت دیکھے تھے مگر آج ایک منفرد مسلمان اپنی آنکھوں سے دیکھ رہا تھا۔ یوں میں ان کی باتیں سننے میں مشغول ہو گیا اور پھر اس کے بعد مدَنی چینل دیکھنا میرا معمول بن گیا۔ مدَنی چینل پر آنے والے اور اسلام کی حقیقی ترجمانی کرنے والے عاشقانِ رسول خصوصاً شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ کا نورانی جلوہ اور آپ کے محبت بھرے الفاظ میری مذہبِ اسلام سے محبت کا سبب بن گئے، میں جب مدَنی چینل دیکھتا مجھے ایک قلبی سکون نصیب ہوتا، اس طرح رفتہ رفتہ میرے دِل و دماغ پر چڑھی کفر کی سیاہی دور ہونے لگی اور ایمان کی روشنی میرے باطن میں فروزاں ہوتی گئی، مذہبِ اسلام کی حقانیت مجھ پر آشکار ہوگئی اور ہدایت و گمراہی کی تمیز مجھ پر عیاں ہوگئی چنانچہ میں نے مذہبِ اسلام قبول کرنے کا فیصلہ کر لیا اور اس مقصد کی تکمیل کے لئے میں نے دعوتِ اسلامی کے اشاعتی ادارے مکتبۃُ المدینہ کے مطبوعہ ایک رسالے کا سہارا لیا، اس کے پیچھے لکھے نمبر پر فون کیا اور دعوتِ



www.dawateislami.net

اسلامی کے ایک ذمہ دار اسلامی بھائی سے رابطہ کرکے ان سے اپنی دِلی خواہش کا اظہار کیا، ان اسلامی بھائی نے ہاتھوں ہاتھ کَلِمَۂ طَیِّبَہ (لَآاِلٰہَ اِلَّااللّٰہُ مُحَمَّدٌرَّسُوْلُ اللّٰہِ) پڑھا کر مجھے دائرہ اسلام میں داخل کرلیا، میرے اہل خانہ بھی دامن اسلام سے وابستہ ہوگئے۔ اسلام لانے کے بعد دعوتِ اسلامی کے ذمہ دار اسلامی بھائیوں نے مجھ سے رابطہ کیا اور مجھے اپنی ترکیب میں لے لیا۔

**ایک** غیر مسلم گھرانے میں پرورِش پانے والے کا اسلام قبول کرنا کوئی آسان کام نہیں، نہ اُسے چھپائے رکھنا ممکن ہے لہٰذا جب خاندان والوں کو میرے اسلام لانے کا پتہ چلا تو ایک طوفان کھڑا ہوگیا اور مجھ پر سختیوں کا سلسلہ شروع ہوگیا مگر چونکہ اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ مذہبِ اسلام کی سچائی مجھ پر واضح ہوچکی تھی اور اس کی پاکیزہ تعلیمات دل میں گھر کرچکی تھیں لہٰذا میرے پائے استقلال میں لغزش نہ آئی اور میں دینِ اسلام پر ثابت قدم رہا۔

**میرا** ذریعہ معاش فلم انڈسٹری کا کام تھا اور اسی سے میرا گزر بسر ہوتا تھا، اسلام لانے کے بعد یہ گناہوں بھرا کام چھوڑنے کا ذہن بنتا مگر نفس و شیطان آڑے آتے اور فقر و فاقہ و بے روزگاری کے خوف سے ڈراتے، یوں میں ناکام رہتا۔ وقت اسی طرح گزرتا رہا بالآخر اللہ عَزَّوَجَلَّ کا مجھ پر کرم ہوگیا اور اس آفت سے بھی نجات کا سامان ہوگیا، ہوا کچھ اس طرح کہ ایک دن جب میں نے مدَنی


www.dawateislami.net

چینل لگایا تو اس پر سابقہ گلوکار اور موجودہ نعت خواں جنید شیخ عطاری کی زندگی میں آنے والے مدَنی انقلاب کا تذکرہ چل رہا تھا (جن کی مدنی بہار شیخِ طریقت امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَكَاتُهُمُ الْعَالِيَه نے اپنے رسالہ ''قبر کی پہلی رات'' میں ذکر فرمائی ہے) جب میں نے انہیں سنّتوں سے آراستہ دیکھا تو میری ڈھارس بندھی، ان کے جوشِ ایمانی کو دیکھ کر میرا حوصلہ بڑھا، میں سوچنے لگا کہ جب یہ اپنی قبر وآخرت کی بہتری کی خاطر گلوکاری چھوڑ سکتے ہیں، تو میں فلمی اداکاری کیوں نہیں چھوڑ سکتا، اُنہوں نے عمامہ شریف سجا لیا، داڑھی شریف رکھ لی اور سابقہ معمولاتِ زندگی چھوڑ کر سنتوں بھری زندگی اپنا لی ہے، میرا ماضی کا اندازِ زندگی ان سے زیادہ مختلف نہیں ہے تو جب یہ گناہوں بھری زندگی چھوڑ کر نیکیوں کی شاہراہ پر گامزن ہو سکتے ہیں تو میں راہِ سنت کا مسافر کیوں نہیں بن سکتا، اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی رحمت نے انہیں بے سہارا نہ چھوڑا تو وہ میرا بھی تو ربّ عَزَّوَجَلَّ ہے، مجھے اس کی ذات پر بھروسہ کرنا چاہیے اور اس کی رحمت سے امید رکھنی چاہیے چنانچہ ان کی مدنی بہار دیکھنے کے بعد میں نے پکا ارادہ کر لیا کہ میں فلم انڈسٹری کو چھوڑ دونگا اور اسلامی احکام پر دل و جان سے عمل کرونگا۔ اس کے بعد میں نے یہ نیک قدم اٹھایا اور اپنی نیت کو عملی جامہ پہنایا۔ کہتے ہیں ''نیت صاف منزل آسان'' بس اسی قول کے مصداق میری مشکلات آسان ہوتی گئیں اور تمام آزمائشیں زائل ہو گئیں۔ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے فضل



www.dawateislami.net

وکرم سے میں نے مکمل طور پر گناہوں بھرے کاموں سے دوری اختیار کر لی اور دعوتِ اسلامی کے باعمل عاشقانِ رسول کی پاکیزہ صحبت میں رہنے لگا، اچھا روزگار بھی مل گیا۔ پھر جلد ہی مجھ پر مدَنی رنگ چڑھنے لگا، سر پر سبز عمامہ شریف سجا لیا، داڑھی شریف بڑھانا شروع کر دی، سفید لباس پہننے کے ساتھ ساتھ مدَنی چادر بھی عمامے شریف کے اوپر اوڑھنے لگا، جوں جوں مدنی ماحول میں وقت گزرتا گیا میرے علم وعمل میں اضافہ ہوتا گیا، دل نیکی کی جانب مائل ہوتا گیا۔ سنتیں سیکھنے، دوسروں کو سکھانے اور دینِ اسلام کا پیغام عام کرنے کے جذبے کے تحت مدَنی قافلوں میں سفر کرنا اپنا معمول بنالیا۔ اَولیاءَ اللّٰہ کا فیضان پانے اور شیطان کے ہتھکنڈوں سے خود کو بچانے کے لئے شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کا مرید بھی ہو گیا۔ آپ دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے عطا کردہ مدَنی مقصد **''مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے''** کو اپنا مقصدِ حیات بنالیا۔

میری ان تمام لوگوں سے مدنی التجاء ہے جو یہ کہتے ہیں کہ ہم بدل نہیں سکتے، یہ خیال اپنے دل و دماغ سے نکال دیں، آپ بس ہمت کیجیے اور دعوتِ اسلامی کے سنتوں بھرے اجتماعات میں پابندی کے ساتھ شرکت کیجیے، گھر میں مدنی چینل دیکھنے کی ترکیب بنائیے، اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ آپ خود اپنے اندر تبدیلی محسوس کریں گے اور نیکیاں کرنے اور برائیوں سے بچنے والے بن جائیں گے۔


www.dawateislami.net

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** جہانگیر عطاری کے اسلام قبول کرنے میں جہاں مدَنی چینل کا شاندار کردار ہے وہیں ان کی زندگی میں عملی طور پر جو مدَنی انقلاب برپا ہوا اُس میں جنید شیخ عطاری کی مدَنی بہار کا بڑا عمل دخل ہے کہ ان کی مدَنی بہار کی برکت سے ان نومسلم اسلامی بھائی کا فلمی ایکٹر بننے کا شوق ختم ہوا اور سنت کے مطابق زندگی گزارنے اور جہاں بھر میں نیکی کی دعوت عام کرنے کا ذوق انہیں نصیب ہوا، یوں کفر کے خاتمے کے ساتھ بے عملی کا داغ بھی ان کے دامن سے دور ہوا، اس بات سے مدَنی بہاروں کے چھپنے، ان کے شائع ہونے اور بذریعہ مدَنی چینل ٹیلی کاسٹ ہونے کی اہمیت وافادیت کا بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ ہر آدمی کوئی بھی نیا کام کرنے سے قبل ہچکچاتا اور گھبراتا ہے، مگر جب اَوروں کو وہی کام کرتے دیکھتا ہے تو اس کے اندر بھی ہمت پیدا ہوتی ہے، لہٰذا مدَنی ماحول سے وابستہ اسلامی بھائیوں کو چاہئے کہ وہ اپنی مدَنی بہاریں تحریری صورت میں مطلوبہ ایڈریس پر ارسال فرمائیں تاکہ ان مدَنی بہاروں کے ذریعے عمل سے دور اور سنتوں سے محروم لوگوں کے لئے ترغیب کا سامان ہو اور باعمل عاشقانِ رسول میں مزید نیکیوں کا جذبہ بیدار ہو، واقعی کس قدر خوش نصیب ہیں وہ اسلامی بھائی جن کی مدَنی بہار کے سبب دوسرے مسلمان بھائیوں کی اصلاح ہوتی ہے۔ آپ بھی ہمت کیجیے اور شیطان کے وار کو ناکام


www.dawateislami.net

بناتے ہوئے اپنی زندگی میں رونما ہونے والی مدنی بہار لکھ کر بھیج دیجئے تاکہ آپ کی مدنی بہار کسی رسالے کی زینت بنے۔

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** یہ یاد رہے کہ مدَنی انقلاب یعنی گناہوں بھری زندگی چھوڑ کر سنتوں بھری زندگی اپنانا ہی صرف مدَنی بہار نہیں ہے بلکہ اس میں ایمان افروز وفات، تعویذاتِ عطاریہ کی مدنی بہار، مدَنی قافلے کی برکت سے ٹھیک ہونے والی بیماری یا حل ہونے والی پریشانی کے واقعات یا مدَنی چینل یا ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع سے حاصل ہونے والے فیوض و برکات الغرض ہر وہ مدَنی بہار جس کے ذریعے دعوتِ اسلامی کے بارگاہِ خداوندی میں مقبول ہونے کا پتہ چلے اور مدَنی ماحول کی اہمیت وافادیت کا اندازہ ہو سکے، مدَنی بہار کے زُمرے میں آتا ہے۔ مدَنی بہار فارم کے شروع میں لکھی ہدایت بھی اس حوالے سے مفید ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## ﴿2﴾ مدنی برقع پہن لیا

**ایک اسلامی بہن** کے بیان کا مفہوم کچھ اس طرح ہے: اسلامی بہنوں کے پردہ کرنے کی شریعتِ اسلامیہ میں بڑی اہمیت ہے اور اس پر عمل کی سخت تاکید ہے مگر افسوس! میں اس حکمِ اسلام سے غافل تھی اور بے پردگی کی آفت میں مبتلا تھی۔ اس کے علاوہ فلمیں ڈرامے دیکھنے کی بھی عادی تھی۔ میری بے عملی



www.dawateislami.net

کے مدَنی علاج کی ترکیب کچھ اس طرح بنی کہ ایک روز مدَنی چینل لگایا تو اس پر ایک غیر مسلم ایکٹر کے اسلام قبول کرنے کی مدَنی بہار کا تذکرہ چل رہا تھا، اسلام لانے والے وہ خوش نصیب اسلامی بھائی اپنی بہار خود ہی بیان کر رہے تھے اور گلشنِ اسلام کی صداقت کا پرچار کر رہے تھے۔ قبولِ اسلام کی اس مدَنی بہار نے مجھ پر اپنا ایسا اثر کیا کہ میرے اندر بھی مدَنی انقلاب برپا ہوگیا، دِل میں اطاعتِ اسلام کا جذبہ پیدا ہوگیا، شرعی پردہ کرنے اور گناہوں سے بچنے کا ذہن بن گیا۔ اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ مدَنی چینل پر نشر ہونے والی اس مدَنی بہار کی برکت سے مجھے شرعی پردہ کرنا نصیب ہوگیا، فلمیں ڈرامے دیکھنے کی میری عادت چھوٹ گئی اور اسلام کے احکام کے مطابق زندگی بسر کرنے کی توفیق ملنے لگی۔ اب ہمارے گھر میں صرف اور صرف مدنی چینل ہی چلتا ہے اور ہم اس پر نشر ہونے والے شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ الْعَالِیَہ کے مدنی مذاکرے اور دینی معلومات سے مالا مال سنتوں بھرے سلسلے دیکھتے ہیں۔ اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ جب سے مدنی چینل دیکھنا شروع کیا ہے دن بدن عمل میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے اور علمِ دین کا ڈھیروں خزانہ ہاتھ آ رہا ہے۔

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** دیکھا آپ نے کہ کس طرح مدنی بہار سے مدَنی بہار آ رہی ہے اور عصیاں کی تاریکیاں چھٹ رہی ہیں۔ بلا شبہ اسلامی بہنوں



www.dawateislami.net

کا پردہ کرنا نہایت ضروری ہے اور یہ حکمِ الٰہی ہے، جیسا کہ پارہ 22 سورۃُ الۡاَحۡزَاب کی آیت نمبر 33 میں پردے کا حکم دیتے ہوئے پروردگار عَزَّوَجَلَّ ارشاد فرماتا ہے: وَقَرۡنَ فِیۡ بُیُوۡتِکُنَّ وَلَا تَبَرَّجۡنَ تَبَرُّجَ الۡجَاهِلِیَّةِ الۡاُوۡلٰی۔ ترجَمۂ کنزالایمان: اور اپنے گھروں میں ٹھہری رہو اور بے پردہ نہ رہو جیسے اگلی جاہلیت کی بے پردگی۔

خلیفۂ اعلیٰ حضرت صدرُ الافاضل حضرت علامہ مولانا سید محمد نعیم الدین مرادآبادی علیہ رحمۃ الھادی اس کے تحت فرماتے ہیں: **''اگلی جاہلیّت سے مراد قبلِ اسلام کا زمانہ ہے، اس زمانے میں عورتیں اتراتی نکلتی تھیں، اپنی زینت ومحاسن (یعنی بناؤ سنگھار اور جسم کی خوبیاں مثلاً سینے کے اُبھار وغیرہ) کا اظہار کرتی تھیں کہ غیر مرد دیکھیں۔ لباس ایسے پہنتی تھیں، جن سے جسم کے اعضاء اچھی طرح نہ ڈھکیں۔''** (خزائن العرفان، ص673)

**صَلُّوۡا عَلَی الۡحَبِیۡب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد**

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** مسلمانوں کے قلوب میں حبِ خدا اور عشقِ مصطفٰے کی شمع فروزاں کرنے کے عظیم مدنی مقصد کے تحت تبلیغِ قرآن وسنت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی نے جہاں مختلف ذرائع ابلاغ کو اپنایا وہیں الیکٹرونک میڈیا کے میدان میں بھی موسیقی اور خرافات سے پاک وصاف


www.dawateislami.net

"**مدنی چینل**" کی ٹرانسمیشن کا آغاز کرکے سنّتوں کا پیغام ہر ایک مسلمان تک پہنچانے میں ایک اہم کردار ادا کیا ہے۔لوگوں کی اصلاح کی خاطر مدنی چینل پر مختلف ایمان افروز سلسلوں کی ترکیب ہوتی ہے، مدنی چینل پر اسلامی بھائیوں کی مدنی بہار انہی کی زبانی سنی جاتی ہے، تاکہ حاضرین و ناظرین ان سے عبرت حاصل کریں اور ان کی طرح دعوتِ اسلامی کے مشکبار مدنی ماحول سے وابستہ ہوکر نمازوں کے پابند اور سنّتوں کے آئینہ دار بن کر اپنی قبر و آخرت کو سنوارنے والے بن جائیں، مدنی بہاروں کے ذریعے نیکی کی دعوت عام کرنے کے عظیم جذبے کے تحت مدنی بہاروں کی ایک Website تیار کی گئی ہے۔

## ویب سائٹ کا مختصر تعارف

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** مدنی بہاروں کے رنگارنگ پھولوں سے مشکبار ہونے کے لیے مدنی بہاروں کی Website کا وزٹ کرنا بھی انتہائی مفید ثابت ہوگا، اس Website کا ایڈریس madanibaharain.dawateislami.net ہے۔ اس میں مدنی بہاروں کے حوالے سے آپ کو ڈھیروں ڈھیر معلومات کا خزانہ ہاتھ آئے گا۔اس Website کا مختصر تعارف کچھ یوں ہے کہ سب سے پہلے جوں ہی آپ اس Website میں داخل ہوں گے تو آپ کو مدنی بہاروں کے خوب صورت بینرز



www.dawateislami.net

لگے ہوئے نظر آئیں گے جو مختلف موضوعات کی مدنی بہاروں کے رسائل کے نام اور دیگر چیزوں کی معلومات سے مزین کیے گئے ہیں، مزید اس میں Media Gallery ہے جس میں آپ نہ صرف مدنی بہاریں سن سکتے ہیں بلکہ صاحبِ مدنی بہار کی زندگی میں رونما ہونے والے مدنی نکھار کو اپنی سر کی آنکھوں سے دیکھ بھی سکتے ہیں کہ کس طرح ایک ولی کامل کی نظرِ ولایت سے ماڈرن نوجوان سنّتوں کے آئینہ دار بن کر اپنی زندگی بسر کر رہے ہیں، اس کے علاوہ اس میں قبولِ اسلام کی مدنی بہاریں، علمائے دعوت اسلامی کی مدنی بہاریں، دعوتِ اسلامی کہاں نہیں اور اراکین شوری کی مدنی بہاریں جو کہ اس Website کی جان ہیں ملاحظہ کر سکتے ہیں، اس کے علاوہ اس Website میں ایک فولڈر book کے نام سے ہے جس میں مکتبۃ المدینہ کے شائع کردہ مدنی بہاروں کے مختلف موضوعات کے متعدد رسائل موجود ہیں، جنہیں نہ صرف آپ پڑھ سکتے ہیں بلکہ با آسانی ڈاؤن لوڈ بھی کر سکتے ہیں، مزید اس میں Introduction کے نام سے ایک اہم فولڈر ہے جس میں مدنی بہاریں لکھنے کی احتیاطیں، نیّتیں اور اہمیت کے مدنی پھول اپنی خوشبوئیں لٹا رہے ہیں جن کی برکت سے مدنی بہاروں کے حوالے سے ذہن میں اُبھرنے والے اشکالات کا قلع قمع بھی کر سکتے ہیں، اس کے علاوہ اس Website میں ایک فولڈر Service کے نام سے ہے اس میں نہ صرف


www.dawateislami.net

سلسلہ عالیہ قادریہ عطاریہ میں مرید اور طالب بننے کے فارم موجود ہیں بلکہ ای میل اور ایس ایم ایس کے ذریعے قادری رضوی عطاری بننے کا طریقہ کار بھی موجود ہے۔ مزید اس میں مدنی بہاروں کے فارم ہیں اور مدنی بہار لکھ کر ای میل کرنے کے option (اوپشن) کے بارے میں بھی معلومات فراہم کی گئی ہے۔

**برائے خاک مدینہ!** اگر دعوتِ اسلامی کے فیضان کی کوئی مدنی بہار آپ کی زندگی میں وقوع پزیر ہوئی ہو تو مدنی بہاروں کی Website میں موجود احتیاطوں اور اچھی اچھی نیّتوں کے ساتھ ضرور بہ ضرور ارسال فرمائیں، کیا بعید آپ کی یہ مدنی بہار کسی کی زندگی میں مدنی انقلاب برپا ہونے کا باعث بن جائے یوں جہاں اسے برکتیں ملیں گی وہیں آپ کو بھی ڈھیروں ڈھیر نیکیوں کا خزانہ ہاتھ آ سکتا ہے۔

## مدنی بہاروں کی نیتیں اور احتیاطیں

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** ہر کام کا کوئی نہ کوئی مقصد ہوتا ہے جس کی وجہ سے وہ کام سرانجام دیا جاتا ہے، دعوتِ اسلامی کی عظیم علمی مجلس ''اَلْـمَـدِیْـنَۃُ الْـعِـلْـمِیَۃ'' کے شعبہ ''امیرِ اہلسنّت'' کے تحت مختلف موضوعات پر مشتمل مدَنی بہاروں کو ضروری تَرمیم کے بعد رِسالے کی صورت میں شائع کیا جاتا ہے، اس کے مقاصد کیا ہیں؟ اس کے دینی و دنیوی فوائد کیا ہیں؟ ذیل میں اس کا بیان کیا جا رہا ہے، تا کہ مدَنی بہار پڑھنے والے اس مقصد کو مدِّ نظر رکھیں اور زیادہ سے زیادہ فوائد حاصل کرنے میں کامیاب ہو جائیں۔


www.dawateislami.net

سوال:مدَنی بہاریں بیان کرنے کا مقصد کیا ہے؟

جواب: یہ ایک نا قابلِ فراموش حقیقت ہے کہ کسی بھی چیز کی مکمل اہمیّت اس وقت ظاہر ہوتی ہے جب اس کی اصل اور ماضی کی صورتحال کو پیشِ نظر رکھ کر اس کی موجودہ صورتحال کو دیکھا جائے، بظاہر پکی ہوئی روٹی ہمیں معمولی معلوم ہوتی ہے مگر جب ہم بالیوں سے گندم کے نکلنے، چکی میں پسنے اور دکاندار سے خرید کر آٹا گوندھنے کے عمل سے لے کر چولھے پر پکنے تک کے عمل کو دیکھتے ہیں تو ہمیں اس کی اہمیّت کا اندازہ ہوتا ہے، بالکل اسی طرح ایسے لوگ جو اپنی توبہ سے قبل مختلف گناہوں میں مبتلا تھے اور بعد میں سنّتوں کے عامل بن کر نیکی کی دعوت عام کرنے کی سعادت پانے والے بن گئے، تو ایسے لوگوں کے احوال سیرت نگاروں نے بڑی شرح وبسط (یعنی تفصیل) کے ساتھ بیان کیے ہیں تاکہ ان کی زندگیوں میں آنے والے مدَنی انقلاب کی صحیح اہمیت اُجاگر ہوسکے اور ہدایتِ ربّانی کی وُقعت کا اندازہ ہوسکے اور اس بات کا علم ہوسکے کہ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی رحمت کے آگے گناہ خواہ کتنے ہی کیوں نہ ہوں کچھ حیثیت نہیں رکھتے۔

**مدَنی بہاروں کے ذریعے کسی کے گناہوں کا پرچار کرنا مقصود نہیں ہوتا،** بلکہ ان کی زندگی میں آنے والے مدَنی انقلاب کے بیان کے ذریعے عام مسلمانوں کو بھی سنتوں بھری زندگی گزارنے کی دعوت دی جاتی ہے، تاکہ لوگ



www.dawateislami.net

گناہوں سے دور اور مدنی ماحول سے قریب ہو جائیں نیز ایسے لوگ بھی اپنی اصلاح کی کوشش کریں کہ جو سمجھتے ہیں کہ شاید ہم تو سدھر ہی نہیں سکتے۔

**سوال:** مدَنی بہاروں کے رسالے کے آخر میں مدَنی بہار لکھنے کی ترغیب دلائی جاتی ہے تو مدَنی بہار لکھنے میں کیا کیا احتیاطیں کرنی چاہئیں؟

**جواب:** مدَنی بہاریں لکھنا اور لکھوانا ایک اہم کام ہے لہٰذا اس میں بہت سی باتوں کا لحاظ رکھنا نہایت ضروری ہے ورنہ بے احتیاطی کی صورت میں گناہ میں پڑنے اور جھوٹ کی آفت میں پھنسنے کا قوی اندیشہ ہے، مدَنی بہار لکھنے میں درج ذیل باتوں سے بچنا بہت ضروری ہے:

﴿1﴾ اپنے سابقہ گناہوں کو بڑھا چڑھا کر بیان کرنا۔

﴿2﴾ کسی فردِ مُعَیَّن جیسے ماں باپ، بھائی بہن وغیرہ کی غیبت کرنا۔

﴿3﴾ اپنی کسی نازیبا عادت کو غیر مہذَّب انداز میں پیش کرنا۔

﴿4﴾ کسی پر اِلزام تراشیاں کرنا۔ ﴿5﴾ اپنے گھریلو مسائل کو بلاوجہ بیان کرنا۔

﴿6﴾ غیر ضروری چیزوں میں جا پڑنا وغیرہ۔ یہ چیزیں نہ مطلوب ہیں اور نہ ہی ان سے کسی چیز کا حصول، پھر مدَنی بہاروں سے جو مقصود ہے اس سے کوسوں دور، لہٰذا مذکورہ چیزوں سے اجتناب کرنا بہت ضروری ہے۔ اسی طرح جب اپنی زندگی میں رونما ہونے والے مدَنی انقلاب کو بیان کریں تب بھی کچھ باتوں کا خیال



www.dawateislami.net

رکھیں مثلاً: ﴿1﴾ اپنی نیکیوں میں بے جا مبالغے سے بچیں۔

﴿2﴾ کسی فرد کے مقابلے میں اپنی فوقیت (برتری) ظاہر کرنے اور خود اپنی تعریف کرنے سے اجتناب کریں۔

﴿3﴾ اس مُثبت تبدیلی میں اپنے ذاتی کمال کے بجائے مددِ الٰہی کو کارفرما سمجھیں۔

﴿4﴾ بہت کچھ پانے اور کثیر خدمتِ دین بجالانے کے باوجود خوفِ خُدا رکھتے ہوئے اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کی خفیہ تدبیر سے ڈرتے ہوئے ان اعمالِ صالحہ کی قبولیت کی دعا کیجئے اور بہر صورت عاجزی وانکساری کے دامن کو تھامے رہیں۔

﴿5﴾ اپنے کسی مقام ومرتبہ، اسلامی منصب وذمہ داری یا کسی نعمتِ خداوندی کو بیان کریں تو تحدیثِ نعمت (یعنی نعمتِ خداوندی کا چرچا کرنے) کی نیت کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے اس کا ذکر کیجئے تاکہ ریاکاری اور حبِّ جاہ کی تباہ کاری سے حفاظت ہو سکے۔

﴿6﴾ مدنی بہار لکھتے یا بیان کرتے ہوئے جزم کے الفاظ سے بچیں مثلا: فلاں مدنی کام سے میری پریشانی دور ہوگئی اس طرح جزم کے الفاظ کے ساتھ بیان کرنے کے بجائے یوں بیان کریں کہ میرا حسن ظن ہے (جبکہ واقعی حسن ظن ہو) کہ فلاں مدنی کام مثلا: تعویذ یا مدنی قافلہ وغیرہ کی برکت سے میری پریشانی دور ہوگئی۔

**دعوتِ اسلامی کے مدَنی مقصد "مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے" کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے اچھی اچھی نیتوں کے ساتھ اپنی مدنی بہار لکھ کر جمع کروایئے اور دو جہاں کی بھلائیوں کا اپنے آپ کو حقدار بنایئے۔**



www.dawateislami.net

**سوال**: مدنی بہاریں بیان کرتے یا لکھتے وقت کیا نیّتیں ہونی چاہئیں؟

**جواب**: مدنی بہار لکھتے وقت اگر درج ذیل نیتیں کر لی جائیں تو ڈھیروں ڈھیر ثواب کے حقدار بن سکتے ہیں ﴿1﴾ مدنی بہاریں چونکہ نیکی کی دعوت کا ذریعہ ہیں لہٰذا میں اپنی مدنی بہار کے ذریعے نیکی کی دعوت عام کروں گا ﴿2﴾ دوسروں کی ترغیب وتحریص کا سامان کروں گا ﴿3﴾ اچھے ماحول (جو کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی ایک نعمت ہے) کی برکتوں کا پرچار کروں گا ﴿4﴾ شہرت اور حُبِّ جاہ (اپنی عزت بڑھنے کی خواہش) سے بچتے ہوئے نیکیوں کا تذکرہ صرف تحدیثِ نعمت کے لئے کروں گا ﴿5﴾ مسلمانوں کو گناہوں سے بچانے کے لئے ان کی تباہ کاریوں کا تذکرہ کروں گا ﴿6﴾ مدنی بہار کے ذریعے دعوتِ اسلامی کے جملہ مدنی کاموں (مثلاً مدنی چینل، مدنی مذاکرہ، درسِ فیضانِ سنت، سنتوں بھرے اصلاحی بیانات وغیرہ) کی ترغیب کا ذریعہ بنوں گا ﴿7﴾ سنّتوں بھرے اجتماع میں شرکت، مدنی قافلے میں سفر اور مدنی انعامات پر عمل کا ذہن دینے کی کوشش کروں گا ﴿8﴾ مدنی بہار بیان کرتے ہوئے دوسرے مسلمانوں کی غیبت سے بچوں گا ﴿9﴾ فضول باتوں اور بے کار طوالت سے گریز کروں گا۔ ﴿10﴾ جھوٹے مبالغے سے اجتناب کروں گا۔ ﴿11﴾ کوئی ایسی بات ذکر نہیں کروں گا جس سے دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول کی بدنامی ہوتی ہو ﴿12﴾ دوسروں کے عیب نہیں اچھالوں گا۔

## اھم سوال جواب

**سوال**: اگر کوئی اسلامی بھائی خود مدنی بہار نہیں لکھ سکتا تو کیا کسی دوسرے اسلامی


www.dawateislami.net

بھائی سے مدنی بہار لکھوا سکتا ہے؟

**جواب**: خود لکھنا نہیں جانتا تو کسی دوسرے اسلامی بھائی سے مدنی بہار لکھوانے میں کوئی حرج نہیں مگر مدنی بہاروں کی احتیاطوں اور نیتوں کو مدنظر رکھا جائے۔

**سوال**: کیا مدنی بہار لکھنے کی ترغیب دلانا بھی نیکی کی دعوت ہے؟

**جواب**: جی ہاں کہ اس طرح مدَنی ماحول سے وابستہ ہونے والے اسلامی بھائی سے مدَنی انقلاب کا اظہار کروا کر عمل سے دور اور نیکیوں سے محروم مسلمانوں کے لئے ترغیب کا سامان کرنا ہے جو بلاشبہ نیکی کی دعوت کے زُمرے میں آتا ہے۔

**سوال**: مدنی بہار لکھوانے کی ترغیب دلاتے وقت کیا نیّت ہونی چاہیے؟

**جواب**: مدنی ماحول سے وابستہ ہونے والے نئے اسلامی بھائیوں کو مدنی بہار لکھنے کی ترغیب دیتے وقت یہ نیت ہونی چاہیے کہ اس کی مدنی بہار سن یا پڑھ کر کیا بعید کسی اسلامی بھائی کی زندگی میں مدنی انقلاب آجائے، گناہوں کے عادی تائب ہو کر سنتوں بھری زندگی گزارنے والے بن جائیں۔ یوں میرے لیے صدقۂ جاریہ کی صورت بن جائے۔

**سوال**: کیا بزرگانِ دین رَحِمَهُمُ اللّٰهُ الْمُبِیْن سے واقعات بیان کرنا ثابت ہے؟

**جواب**: جی ہاں، بعض بزرگوں نے بھی بطورِ نصیحت اور سامانِ عبرت کے لئے اپنی زندگی میں رونما ہونے والے واقعات کو بیان فرمایا ہے اور سیرت نگاروں نے ان واقعات کو اپنی کتابوں میں لکھ کر محفوظ کیا تاکہ آنے والی نسلیں ان سے فیض یاب ہو کر مقصدِ حیات جان سکیں۔



www.dawateislami.net

سوال؟ کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلے کے متعلق کہ:

ہمارے مدنی ماحول میں مدنی بہاریں لکھی اور لکھوائی جاتی ہیں بلکہ اب ریکارڈ کرنے اور مدنی چینل پر چلانے کا بھی سلسلہ ہے۔ بسا اوقات مدنی بہار بیان کرنے والا بلا مقصد غیبت کا مرتکب ہو جاتا ہے (مثلاً: ماں ظلم کرتی، باپ نے تربیت نہ کی لیکن کبھی اس کا بیان اس لیے کیا جاتا ہے کہ والد صاحب کو کچھ عرصے بعد دعوتِ اسلامی کا مدنی ماحول سمجھ آ گیا)، اسی طرح ایسے گناہوں کا اظہار کر دیتا ہے کہ جو معاشرے میں گھٹیا جانے جاتے ہیں۔ مثلاً: زنا، لَوَاطَت وغیرہ۔

دریافت طلب امور یہ ہیں کہ: ﴿1﴾ اس طرح کے گناہوں کا مدنی بہاروں میں اظہار کرنا کیسا؟ ﴿2﴾ مدنی بہار فارم میں نام و نمبر بھی ہوتا ہے، کیا شعبہ تحریر یا مدنی چینل ذمہ داران کو ان کی توبہ کروانا لازم ہے؟

﴿3﴾ تحریر کی جگہ video سے شخصیت زیادہ واضح ہوتی ہے، اس میں کیا کیا احتیاطیں کرنی چاہئیں؟

(شعبہ مدنی بہاریں)

جواب: مدنی بہار لکھنے، لکھوانے یا ریکارڈ کرانے سے پہلے اچھی طرح تربیت کی جائے کہ اس نے کس انداز میں لکھنا یا بیان کرنا ہے۔ اسی طرح فارم فِل کراتے ہوئے بھی ہدایات لکھی ہوئی ہونے کے ساتھ ساتھ زبانی طور پر بتائی


www.dawateislami.net

جائیں، جو شخص اس کے باوجود بلا وجہ اپنے گناہوں کا اظہار کرتا ہے اس کو توبہ کرنے کا کہا جائے گا۔ **(دارالافتاء اھلسنّت)**

**صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب!   صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد**

**سوال:** مدنی بہار کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول میں لوگوں کا مدنی کاموں میں سے کسی مدنی کام سے متأثر ہو کر اپنے گناہوں کو چھوڑ کر نیکیوں کی راہ پر گامزن ہوجانا ''مدنی بہار'' کہلاتا ہے۔ یاد رکھیے! حقیقی مدنی بہار وہ ہے جس میں بندہ اپنے تمام گناہوں کا اعتراف کرتے ہوئے ندامت کے ساتھ انہیں چھوڑنے، اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں سچی توبہ کرنے اور نیکیاں کرنے میں کامیاب ہوجائے۔ گناہ اگر قابلِ تلافی ہوں تو صرف توبہ کافی نہیں بلکہ ان کی تلافی بھی کی جائے مثلاً اگر کوئی چور ڈاکو تھا تو وہ توبہ کے ساتھ ساتھ جن جن لوگوں کا مال چرایا، ڈرایا دھمکایا اور دل دکھایا ہے انہیں مال واپس کرنے کے ساتھ ساتھ ان سے معافی مانگ کر انہیں راضی بھی کرے۔

**فی زمانہ** لوگوں نے توبہ کو بھی بہت آسان سمجھ لیا ہے بس ہنستے ہنستے اپنے گالوں پر باری باری ہاتھ لگا کر دل کو منا لیتے ہیں کہ ہم گناہوں سے صاف ستھرے ہوچکے اور پھر ان گناہوں کو اپنے پردۂ خیال سے حَرفِ غَلَط کی طرح مٹا دیتے اور اپنی



www.dawateislami.net

مستیوں میں بدمست ہوجاتے ہیں۔ یہاں تک کہ بعض نادان تو بڑی دلیری سے اپنی سابقہ زندگی میں حقوق العباد تلف کرنے کے واقعات بطورِ کارنامہ لوگوں میں بیان کرتے دکھائی دیتے ہیں: مثلاً پورے علاقے میں میرا رُعب ودبدبہ تھا، میری اجازت کے بغیر علاقے میں پرندہ پَر نہیں مار سکتا تھا، دورانِ لڑائی میں نے فلاں کا سر پھوڑا اور فلاں کا دانت توڑا وغیرہ وغیرہ، یہ جملے کہتے وقت ذرہ بھر ندامت نہیں ہوتی جبکہ ہمارے بُزُرگانِ دین رَحِمَهُمُ اللّٰهُ المُبِیْن کا انداز تو یہ ہوا کرتا تھا کہ اگر کوئی گناہ سرزد ہوجاتا تو اس سے لاکھ توبہ کرتے مگر خوف ختم نہیں ہوتا تھا اور نہ ہی ندامت جاتی تھی، چنانچہ حضرتِ سیدنا عتبۃ الغلام عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ السَّلَام ایک مکان کے پاس سے گزرے تو کانپنے لگے اور آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ کو پسینہ آ گیا۔ لوگوں کے دریافت کرنے پر فرمایا: یہ وہی جگہ ہے جہاں میں نے چھوٹی عمر میں گناہ کیا تھا۔ (تنبیہ المغترین، الباب الاول من اخلاق السلف الصالح، منها کثرۃ الخوف، ص۴۹) کاش ان بزرگانِ دین رَحِمَهُمُ اللّٰهُ المُبِیْن کا صدقہ ہمیں بھی سچی توبہ کی توفیق نصیب ہوجائے۔

اٰمِیْن بِجَاہِ النَّبِیِّ الْاَمِیْن صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

ترے خوف سے تیرے ڈر سے ہمیشہ میں تھر تھر رہوں کانپتا یاالٰہی

بنادے مجھے نیک نیکوں کا صدقہ گناہوں سے ہر دم بچا یاالٰہی

(وسائلِ بخشش)



www.dawateislami.net

سوال: مدنی بہار لکھتے یا لکھواتے وقت کیا نیت ہونی چاہیے؟ نیز مدنی بہار لکھتے یا لکھواتے وقت کن کن باتوں کو مدنظر رکھنا چاہیے؟

جواب: مدنی بہار لکھنا ہو یا لکھوانا یا کوئی سا بھی نیک کام ہو اس میں بنیادی نیت اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا پانے اور ثوابِ آخرت کمانے کی ہونی چاہیے کیونکہ بغیر نیت کسی بھی عملِ خیر کا ثواب نہیں ملتا۔ پھر نیتیں جتنی زیادہ ہوں گی اتنا ہی ثواب بھی زیادہ ہوگا، لہٰذا ہر نیک اور جائز کام میں اس کے حسبِ حال جتنی اچھی نیتیں ہوسکیں کر لینی چاہئیں۔ مدنی بہار چونکہ گزشتہ گناہوں سے تائب ہونے اور نیکیوں کی شاہراہ پر گامزن ہونے کے متعلق ہوتی ہے تو اس لحاظ سے یہ نیت بھی کر لینی چاہیے کہ اس سے لوگوں کو گناہوں سے توبہ کرنے، نیکیاں کرنے اور دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے وابستہ ہونے کی ترغیب ملے گی اور ان کی اصلاح کا سامان ہوگا۔

**بدقسمتی** سے آج کل مدنی بہار سُنانے یا لکھوانے سے مقصود اپنی واہ واہ چاہنا، لوگوں پر اپنا رعب ڈالنا اور ان کی توجہ اور ہمدردی حاصل کرنا ہوتا ہے۔ مدنی بہار لکھوانے یا سنانے میں خوب مبالغہ آرائی سے کام لیا جاتا ہے اور ندامت کے بجائے اپنے گناہوں کو بڑھا چڑھا کر پیش کیا جاتا ہے، یاد رکھیے! مدنی بہار لکھوا یا سُنا کر لوگوں کی اصلاح کا ذریعہ بننا مستحب ہے اور گناہوں کو بیان کرنے



www.dawateislami.net

میں جھوٹ سے کام لینا حرام اور جہنم میں لے جانے والا کام ہے، لہٰذا جس اسلامی بھائی کی بہار ہو وہ اُنہی گناہوں کا تذکرہ کرے جن میں وہ ملوث تھا، جھوٹ کا ارتکاب نہ کرے کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ دوسروں کی اصلاح کی خاطر اپنی آخرت برباد کر بیٹھے۔ چنانچہ،

رحمتِ عالمیان، سرورِ ذیشان صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا فرمانِ عبرت نشان ہے: لوگوں میں سے سب سے بُرا اور بدتر ٹھکانا اس شخص کا ہے جو دوسرے کی دنیا کی خاطر اپنی آخرت برباد کر دے۔

(معجم کبیر، شهر بن حوشب عن ابی أمامة ۸/ ۱۲۲، حدیث: ۷۵۵۹)

**مدنی بہار** لکھوانے یا سنانے سے دوسروں کی اصلاح مقصود ہوتی ہے، لہٰذا مدنی بہار سناتے یا لکھواتے وقت ایسے گناہوں کا تذکرہ نہ کیا جائے جن سے لوگ گھن کھاتے ہوں، اگرچہ ہر گناہ باعثِ عبرت اور معیوب ہے مگر بدقسمتی سے فی زمانہ بہت سے گناہ ایسے ہیں جنہیں معاشرے میں مَعَاذَاللّٰہ معیوب نہیں سمجھا جاتا: مثلاً نماز نہ پڑھنا، فلمیں ڈرامے دیکھنا، داڑھی مُنڈانا وغیرہ، جبکہ بدکاری وغیرہ کا گناہ ایسا ہے کہ اس سے لوگ گھن کھاتے ہیں لہٰذا ایسے گناہوں کا ذکر نہ کیا جائے۔ مدنی بہار لکھوانے یا سُنانے سے پہلے اچھی طرح غور کر لیا جائے کہ جسے مدنی بہار سمجھا جا رہا ہے وہ واقعی مدنی بہار ہے بھی یا نہیں؟ بسا اوقات اسلامی بھائی



www.dawateislami.net

جسے اپنے گمان میں مدنی بہار سمجھ رہے ہوتے ہیں وہ حقیقت میں فضولیات کا انبار ہوتا ہے، اس صورت میں مدنی بہار کا فارم ضائع ہونے کے ساتھ ساتھ مدنی بہار لکھنے، لکھوانے اور اس کی تفتیش کرنے والے اسلامی بھائیوں کا قیمتی وقت بھی ضائع ہوتا ہے۔

**اللہ عَزَّوَجَلَّ کی امیرِ اہلسنّت پر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو**

آمِین بِجَاہِ النَّبِیِّ الْاَمِین صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**سوال:** دعوتِ اسلامی کے ''شعبہ مدنی بہار'' کے قیام کا سبب کیا ہے؟

**جواب:** تبلیغِ قرآن وسنت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی کے مدنی کام کا جب آغاز ہوا تو مبلغین کی انفرادی کوشش سے لوگ ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماعات میں شرکت اور سنتوں کی تربیت کے لیے عاشقانِ رسول کے ہمراہ مدنی قافلوں میں سفر اختیار کرنے لگے۔ سنتوں بھرے اجتماعات میں شرکت اور مدنی قافلوں میں سفر کی برکت سے اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ کئی بے نمازی پانچوں وقت کے نمازی بن گئے، فیشن کے متوالے سنتوں کے دیوانے بن گئے، والدین کے نافرمان فرمانبردار اور اطاعت گزار بن گئے، بے شمار لوگوں نے شراب نوشی، ڈاکہ زنی اور دیگر جرائم سے سچی توبہ کی اور معاشرے کے باکردار مسلمان بن گئے۔ ان لوگوں کی زندگیوں میں مدنی انقلاب برپا ہوتے دیکھ کر اور سن کر کئی اور



www.dawateislami.net

خوش نصیب بھی دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے وابستہ ہونے لگے، تو یوں مدنی بہاروں کے اس دینی فائدے کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے مسلمانوں کی خیر خواہی کے جذبے کے تحت بطورِ درس ونصیحت ان مدنی بہاروں کو تحریری صورت میں لانے ،انہیں شائع کرنے اور کثیر لوگوں تک پہنچانے کے عظیم مقصد کے تحت شعبہ مدنی بہار کا قیام عمل میں لایا گیا۔

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِيْب! صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّد

**سوال:** گناہوں بھری زندگی میں مدنی اِنقلاب برپا ہونے سے پہلے جو لوگ چوری اور ڈکیتی کی وارداتیں کیا کرتے تھے تو کیا ان کے لیے صرف توبہ کرلینا کافی ہے یا چوری اور غصب شُدہ مال بھی لوٹانا ہوگا؟

**جواب:** سابقہ گناہوں کی تلافی کے لیے صرف توبہ کرلینا کافی نہیں بلکہ توبہ کے ساتھ ساتھ جن لوگوں کا مال چوری یا غصب کیا تھا انہیں واپس بھی لوٹانا ہوگا، اگر وہ زندہ نہ رہے ہوں تو اُن کے ورثا کو دینا ہوگا، اگر ورثا کا بھی پتہ نہ چلے تو اتنا مال بطورِ صدقہ کسی شرعی فقیر کو دینا ہوگا جیسا کہ میرے آقا اعلیٰ حضرت ، امامِ اہلسنّت مولانا شاہ امام احمد رضا خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن فرماتے ہیں: جو مال رشوت یا تغنّی (یعنی گانے یا اَشعار پڑھ کر) یا چوری سے حاصل کیا اس پر فرض ہے کہ جس جس سے لیا اُن پر واپس کردے، (اگر) وہ (خود) نہ رہے ہوں اُن کے ورثا کو



www.dawateislami.net

دے، پتا نہ چلے تو فقیروں پر تصدق کرے، خرید وفروخت کسی کام میں اُس مال کا لگانا حرامِ قطعی ہے، بغیر صورتِ مذکورہ کے کوئی طریقہ اس کے وبال سے سبکدوشی کا نہیں۔ (فتاویٰ رضویہ، ۲۳/۵۵۱) چونکہ دورانِ ڈکیتی مَعَاذَاللّٰہ مسلمانوں کو اسلحہ دکھا کر خوب ڈرایا اور دھمکایا جاتا ہے اور بسا اوقات مزاحمت کرنے پر ہاتھ تک اُٹھایا جاتا ہے لہٰذا مال لوٹانے کے ساتھ ساتھ جن لوگوں کا دل دُکھایا ہے اُن سے معافی بھی مانگی جائے تب ہی ان گناہوں سے سبکدوشی ممکن ہے۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب!　　صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

**سوال:** اگر کوئی چوری یا غصب شدہ مال خرچ کر چکا ہو اور اب اتنے وسائل بھی نہ ہوں کہ مال واپس کر سکے تو اس صورت میں اُسے کیا کرنا چاہیے؟

**جواب:** اگر کوئی چوری یا غصب شُدہ مال اپنی ضروریات میں خرچ کر چکا اور اب اتنے وسائل بھی نہیں کہ مال واپس کر سکے تو ایسی صورت میں اسے چاہیے کہ وہ ان لوگوں سے معافی مانگے جن کا مال چوری یا غصب کیا تھا اور ساتھ ہی انتہائی عاجزی وانکساری سے ان سے درخواست کرے کہ فی الحال اتنے وسائل نہیں کہ میں آپ کا مال واپس کرسکوں، جیسے ہی اسباب میسر ہوئے تو اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ آپ کا مال واپس کردوں گا۔ آپ اگر معاف کردیں تو مجھ گناہ گار پر احسانِ عظیم ہوگا۔ گڑگڑا کر ندامت اور اخلاص سے اگر معافی مانگی گئی تو اِنْ شَآءَ



www.dawateislami.net

اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ صاحبِ مال کا دل چوٹ کھا جائے گا اور وہ معاف کر دے گا۔ اگر وہ معاف کرنے پر راضی نہ ہو تو صدقِ دل سے مال لوٹانے کی کوشش جاری رکھے، اگر اسی حالت میں انتقال ہو گیا تو اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی رحمت سے اُمید ہے کہ بروزِ قیامت اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ صاحبِ مال کو راضی کر کے نجات کی راہ ہموار کر دے گا جیسا کہ حدیثِ پاک میں ہے:

حضرتِ سیدنا انس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ ایک بار رسولِ کریم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہمارے درمیان تشریف فرما تھے کہ آپ مسکرانے لگے یہاں تک کہ آپ کے دندانِ مبارک ظاہر ہو گئے۔ حضرتِ عمر رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے عرض کی: یارسولَ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! میرے ماں باپ آپ پر قربان! آپ کو کس چیز نے ہنسایا؟ تو آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِرشاد فرمایا: (بروزِ قیامت) میری اُمت کے دو شخص اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کے حضور دوزانوں ہو کر بیٹھے ہوں گے۔ ان میں سے ایک عرض کرے گا: اے میرے رب! میرے بھائی سے مجھ پر کیے گئے ظلم کا بدلہ دلوا۔ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اِرشاد فرمائے گا: تو اپنے بھائی سے کیا لینا چاہتا ہے حالانکہ اس کی نیکیوں میں سے کوئی نیکی باقی نہیں رہی۔ وہ عرض کرے گا: پھر میرے گناہ اس پر ڈال دے۔ اس وقت آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی چشمانِ مبارک سے آنسو بہنے لگے۔ پھر ارشاد فرمایا بیشک یہ دن بڑا



www.dawateislami.net

زبردست ہوگا۔لوگ اس دن اس بات کے محتاج ہوں گے کہ اُن کے کچھ گناہ اُٹھا لیے جائیں۔ پھر اللہ عَزَّوَجَلَّ صاحبِ حق سے ارشاد فرمائے گا: اپنی آنکھ اُٹھا کر دیکھ۔ وہ نظر اُٹھا کر دیکھے گا تو عرض کرے گا: اے میرے رب! میں سونے کے میدان اور سونے سے بنے ہوئے محلات دیکھ رہا ہوں جو موتیوں سے جگمگا رہے ہیں۔ یہ کس نبی کے لیے ہیں؟ یا کس صدیق کے لیے ہیں؟ یا کس شہید کے لیے ہیں؟ اللہ عَزَّوَجَلَّ اِرشاد فرمائے گا: یہ اس شخص کے لیے ہیں جو ان کی قیمت ادا کر دے۔ عرض کرے گا: اے میرے رب! کون ان کا مالک بن سکتا ہے؟ اللہ عَزَّوَجَلَّ ارشاد فرمائے گا: تم ان کے مالک بن سکتے ہو۔ عرض کرے گا: کس چیز کے عوض؟ اللہ عَزَّوَجَلَّ ارشاد فرمائے گا: اپنے بھائی کو معاف کرنے کے عوض۔ عرض کرے گا: اے میرے رب میں نے اسے معاف کر دیا۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ ارشاد فرمائے گا: پھر اپنے بھائی کا ہاتھ پکڑ اور جنت میں داخل ہو جا۔

(الترغیب والترھیب ،کتاب الحدود ،الترغیب فی العفو عن القاتل......الخ، ۳/ ۲۱۱، حدیث:۳۷۶۸)

**اللہ عَزَّوَجَلَّ کی امیرِ اہلسنّت پَر رَحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفِرت ہو**

آمِین بِجَاہِ النَّبِیِّ الْاَمِین صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

ہم تو مائل بہ کرم ہے کوئی سائل ہی نہیں
راہ دکھلائیں کسے راہبر منزل ہی نہیں



www.dawateislami.net

# ”اے کاش! دیکھوں مدینے کی بہار“

## کے 22 حروف کی نسبت سے مجلس مَدَنی بہاریں کے 22 مَدَنی پھول

**فرمانِ امیرِ اہلسنّت** دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ:

❁ دعوتِ اسلامی کا 99.99% مدنی کام انفرادی کوشش سے ممکن ہے۔

﴿1﴾ فرمانِ مصطفٰے صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہے: نِیَّۃُ الْمُؤْمِنِ خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِہٖ یعنی مسلمان کی نیّت اس کے عمل سے بہتر ہے۔ (معجم کبیر، ٦/ ١٨٥، حدیث: ٥٩٤٢) اس لیے مجلس مدنی بہاریں کا ہر ذمہ دار امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے عطا کردہ **”72 مدنی انعامات“** میں سے ”مدنی انعام نمبر 1“ پر عمل کرتے ہوئے یہ نیّت کرتا رہے کہ: ”میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رِضا اور اس کے پیارے حبیب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خوشنودی کے لیے دعوتِ اسلامی کے شعبے ”مجلس مَدَنی بہاریں“ کا مدنی کام مدنی مرکز کے طریقۂ کار کے مطابق کروں گا، اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ۔“

﴿2﴾ مجلس مَدَنی بہاریں کا کام، دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے وابستہ ہر منسلک اور ذمہ دار (ذیلی حلقہ تا شوریٰ، مختلف شعبہ جات اور ان کی ذیلی مجالس، جامعات المدینہ و مدارس المدینہ اور دارالمدینہ کے اساتذہ، ناظمین، طلبہ، وقف مبلغین، مدنی عملہ وغیرہ) کے مدنی ماحول میں آنے، متاثر اور منسلک ہونے کی مدنی بہاریں اور دیگر ایمان افروز واقعات نیز مدنی کاموں کی برکات وغیرہ مدنی مرکز کے بیان



www.dawateislami.net

کردہ طریقہ کار کے مطابق لکھنا، لکھوانا، جمع کرنا اور انہیں مدنی مرکز تک پہنچانا ہے۔ ﴿3﴾ مجلس مَدَنی بہاریں کے تمام ذمہ داران، رشوت، تعلقات، حقوقِ مسلمین اور مُدَاھَنَت (یعنی ناجائز اور گناہ والے کام ملاحظہ کرنے کے بعد اسے روکنے پر قادر ہونے کے باوجود اسے نہ روکنا اور دینی معاملے کی مدد و نصرت میں کمزوری و کم ہمتی کا مظاہرہ کرنا یا کسی بھی دنیوی مفاد کی خاطر دینی معاملے میں نرمی یا خاموشی اختیار کرنا (الحديقة الندية، ٢/ ١٥٤، تفسير صاوی على الجلالين، پ ١٢، هود، تحت الاية: ١١٣، ٣/ ٩٣٦) کے شرعی مسائل سیکھیں، اس کے لیے مکتبۃ المدینہ کی کتب و رسائل کا مطالعہ مفید ہے مثلاً: فیضانِ سنت صفحہ 539 تا صفحہ 554 ❁ کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب صفحہ 428 تا 449 ❁ پردے کے بارے میں سوال جواب ❁ بہارِ شریعت، جلد سوم، حصہ 16 نیز ❁ فتاویٰ رضویہ جلد 24 صفحہ 311 تا صفحہ 331 اور ''دارالافتاء اہلسنّت'' سے ضرورتاً شرعی رہنمائی بھی لیتے رہیں۔ اس شعبے کے ذِمہ داران کو چاہیے کہ مدنی بہاروں کو حاصل کرنے کی تربیت پانے کے لیے madanibaharaindawateislami.net سے طریقہ کار دیکھیں اور اس شعبے کی مکمل معلومات کے لیے وقتاً فوقتاً اس ویب سائٹ کو ملاحظہ بھی کرتے رہیں۔



www.dawateislami.net

﴿4﴾ ہر کابینہ ذمہ دار نگرانِ کابینہ کے مشورے سے مخیّر اسلامی بھائیوں سے ترکیب بنا کر فی کابینہ کم از کم 1200 مَدَنی بہاروں کے فارم مکتبۃ المدینہ سے چھپوائے۔ کابینہ سطح کے ذِمّہ داران ہر شہر میں بالخصوص مَدَنی مراکز (فیضانِ مدینہ) و مَدَنی تربیت گاہ، مدرسۃ المدینہ، جامعۃ المدینہ، ہفتہ وار اجتماعات اور تعویذاتِ عطاریہ کے بستوں وغیرہ پر مَدَنی بہاروں کے فارم مہیا کریں، وقتاً فوقتاً معلومات بھی کرتے رہیں تاکہ کم ہونے کی صورت میں دوبارہ مہیا کیے جاسکیں اور بعد میں وصول بھی فرمائیں۔ (مجلس مدنی بہاروں کے تمام ذِمہ داران، بالخصوص مدنی بہاروں کے رسائل کو فروخت یا تقسیم کروانے کے بھی ذمہ دار ہیں)

﴿5﴾ مَدَنی بہار فارم وصول کرتے وقت دیکھ لیجئے کہ کوائف (فون نمبر اور ایڈریس وغیرہ) نامکمل تو نہیں، اگر نامکمل ہوں تو ہاتھوں ہاتھ مکمل کروا لیجئے۔ اگر کسی مقام پر مدَنی بہار فارم نہ ہو تو سادہ کاغذ پر مدنی مرکز کے بیان کردہ طریقہ کار کے مطابق لکھوا کر جمع کروا دیجئے۔

﴿6﴾ مجلس مَدَنی بہاریں کے بینرز (Panaflex) پرنٹ کروا کر اجتماعات (ہفتہ وار، تربیتی اجتماع، غمخواری اجتماع، مدنی مذاکرہ اجتماع، سحری اجتماع) اور مدَنی مشوروں میں شرعی رہنمائی کے ساتھ / نمایاں جگہ پر آویزاں کریں۔ بینر کی عبارت اس طرح ہونی چاہیے:



www.dawateislami.net

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الۡمُرۡسَلِیۡنَ
اَمَّا بَعۡدُ فَاَعُوۡذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

## مجلس مَدَنی بہاریں

مدَنی بہار فارم یہاں سے حاصل کیجئے اور پُر کر کے یہیں جمع کروا دیجئے۔

اس مقام (جہاں بینر لگا ہو) پر کم از کم ایک ذمہ دار کا ہونا ضروری ہے جو مدنی بہار فارم تقسیم اور جمع کرے۔

﴾7﴿ مدَنی مشوروں، تربیتی اجتماعات، اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں کے مختلف کورسز، مدَنی قافلوں میں سفر کرنے والے اسلامی بھائیوں سے اس فارم میں موجود مدَنی پھولوں کے مطابق مدَنی بہار فارم پُر کروائیے۔ مدنی انعامات و مدَنی قافلہ کورس و مدَنی تربیتی کورس اور مدَنی تربیت گاہ کے اسلامی بھائیوں کے لئے مدَنی بہاروں کا فارم پُر کروانے کی مشق کو لازمی قرار دے کر ان کی تربیت میں اسے شامل فرمائیں نیز ہاتھوں ہاتھ مدَنی بہاریں لکھوانے کی بھی ترکیب کریں۔ مجلس مدنی کورسز/نگرانِ کابینہ کی معاونت سے اس مدنی کام کو کورسز کے جدول اور تربیتی اجتماعات کا حصّہ بنائیں۔ ﴾8﴿ مدَنی تربیت گاہ/ ہفتہ وار اجتماع کے مقام سے جب مدَنی قافلے روانہ ہوں تو ترغیب دِلا کر مدنی بہار فارم تقسیم کیے جائیں اور مدنی قافلوں کی واپسی پر فارم جمع کرنے کی بھی ترکیب ہو۔ ذِمّہ داران مدنی قافلوں، مدنی مشوروں بلکہ ہر وقت مدَنی بہاروں کے فارم اپنے پاس رکھیں اور



www.dawateislami.net

موقع ملتے ہی مَدَنی بہار کے فوائد بتا کر مَدَنی بہار لکھنے کے مَدَنی پھول سنائیں اور مَدَنی بہار لکھوائیں۔ ﴿9﴾ دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول میں ہونے والے 10 دن اور مکمل ماہ اعتکاف میں مجلسِ اجتماعی اعتکاف کے ماتحت ''مجلس مَدَنی انعامات'' کی ذمہ داری ہے کہ اعتکاف میں مَدَنی بہار فارم تقسیم کرے اور مجلس مَدَنی بہاریں کی ذمہ داری ہے کہ مذکورہ مجلس کو مَدَنی بہار فارم مہیا کرے اور مسلسل پوچھ گچھ (Follow Up) کرے۔ ﴿10﴾ کابینہ یا ملکی سطح پر اجتماعات میں (اجتماع گاہ میں) ڈویژن سطح پر قائم مَدَنی تربیت گاہ میں ڈویژن مَدَنی انعامات ذمہ دار کے ساتھ مَدَنی بہاریں ذمہ دار بھی موجود رہیں، کابینہ سطح پر قائم مَدَنی قافلہ مکتب میں کابینہ سطح کے مَدَنی اِنعامات کے ذمہ دار کے ساتھ کابینہ مدَنی بہاریں ذمہ دار بھی موجود رہیں۔ ﴿11﴾ حدیثِ پاک میں ہے تَھَادَوْا تَحَابُّوْا یعنی ایک دوسرے کو تحفہ دو، آپس میں محبت بڑھے گی۔ (مؤطا امام مالك، ۲/ ۴۰۷، حدیث: ۱۷۳۱) پر عمل کی نیت سے ذمہ داران، شیخِ طریقت، امیرِ اَہلسنّت، بانیٔ دعوتِ اِسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادِری رَضَوی ضیائی دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ اور مکتبۃ المدینہ کی دیگر مطبوعہ کتب ورسائل و VCD'S وغیرہ کی ذاتی طور پر حسبِ استطاعت اور مخیّر اسلامی بھائیوں سے ترکیب بنا کر مفت تقسیم کی ترکیب کرتے رہیں اور فروخت بھی کریں نیز خوشی وغمی



www.dawateislami.net

(شادی،فوتگی،چہلم وعرس وغیرہ)،تکلیف وآزمائش (بےروزگاری، بےاولادی وناچاقی اور بیماری وغیرہ) کےمواقع پرتقسیم رسائل کی ترغیب دِلانا مفید ہے۔﴿12﴾ مَدَنی قافلہ،مَدَنی انعامات،مختلف کورسز کے ماہانہ اہداف:مجلس کے ہرسطح کے ذمہ داران اپنے نگرانِ مشاورت کےمشورے سے مَدَنی قافلوں،مَدَنی انعامات،مدنی انعامات و مدنی قافلہ کورس اور مدنی تربیتی کورس کے ماہانہ اہداف طے کریں اوراس کے لیے بھرپورکوشش بھی فرمائیں۔(مدنی بہاروں کے کام کی نوعیت چونکہ مختلف ہے،لہٰذا نگرانِ مجلس مدنی بہار اپنی مجلس کی ہرسہ ماہی کا ہدف بنائیں اور وہ ہدف اوراس کی کارکردگی متعلقہ اراکینِ شوریٰ کومیل کریں)

## ﴿13﴾ذمہ داران کی تقرری کی ترکیب:

| | سطح | ذمہ دار | | سطح | ذمہ دار |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ہفتہ وار اجتماع | ہفتہ وار اجتماع ذمہ دار مجلس مَدَنی بہاریں | 4 | ملک | مجلس مَدَنی بہاریں |
| 2 | کابینہ | کابینہ ذمہ دار مجلس مَدَنی بہاریں | 5 | رُکنِ شوریٰ | ------- |
| 3 | کابینات | کابینات ذمہ دار | | ------ | ------ |

❁ ہرہفتہ واراجتماع میں ایک ذمہ دار مقرر ہوگا ❁ کابینہ سطح پر کابینہ ذمہ دار ہوگا



www.dawateislami.net

❁ کابینات ذمہ داران ملک سطح کی مجلس کے رکن ہیں، اسی مجلس میں سے ایک مدنی انعامات اور ایک مدنی قافلہ ذمہ دار اور ایک کارکردگی ذمہ دار ہوں گے ❁ مختلف ممالک میں مُلکی سطح پر مجلس ہو گی، جو رکنِ شوریٰ کے تحت ہو گی۔ (بیرونِ ملک والے ذمہ داران، متعلقہ رکنِ شوری کی اجازت کے بغیر ذمہ دار نہ بنائیں) ❁ یاد رہے! کسی بھی سطح کے اراکین ونگران کی تقرری کے لئے متعلقہ سطح کے نگران کی اجازت ضروری ہے۔ (امیرِاہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ ہر مجلس میں مدنی اسلامی بھائی کے ہونے کو پسند فرماتے ہیں)

## ﴿14﴾ مَدَنی مشورہ کی تاریخ و مَدَنی پھول:

| | تاریخ | مدنی مشورہ لینے والے | سطح | شرکاء | مدنی پھول |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | نگرانِ کابینہ / کابینہ ذمہ دار | کابینہ | ہر ہفتہ وار اجتماع کے ذمہ داران | انفرادی کارکردگی، پیشگی جدول وجدول کارکردگی، ذِمہ داران کے تقرر، ترقی وتنزلی کا جائزہ، اگلے ماہ کے اہداف وغیرہ |



www.dawateislami.net

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 2 | 3 | نگرانِ کابینات / کابینات ذمہ دار | کابینات | کابینہ ذمہ داران | // |
| 3 | 5 | رُکنِ شوریٰ / نگرانِ مجلس | ملک | کابینات ذمہ داران | // |

**وضاحت:** رُکنِ شوریٰ/نگرانِ مجلس، ملک سطح کی مجلس کا ہر ماہ مدنی مشورہ فرمائیں، ایک ماہ بذریعہ انٹرنیٹ اور ایک ماہ بالمشافہ

## ❁ کارکردگی جمع کروانے کی تاریخیں:

❁ ہفتہ وار اجتماع ذمہ دار: 2 ❁ کابینہ: 5 ❁ کابینات: 6 ❁ ملک: 7

﴿15﴾ مدنی مشوروں کی کثرت سے بچنے کے لیے مقرر کردہ سطح کے علاوہ کسی اور سطح کا مدنی مشورہ لینے کے لیے متعلقہ نگران سے اجازت ضروری ہے۔ ❁ جب بڑی سطح کے ذمہ دار دیگر سطح کے ذمہ داران کا مدنی مشورہ کرلیں تو اس ماہ ان کا ماہانہ مدنی مشورہ نہیں ہوگا ❁ اسی طرح جس ماہ نگرانِ کابینہ / مشاورت شعبے کے ذمہ داران کا مدنی مشورہ فرمائیں گے، اس ماہ بھی شعبہ ذمہ داران ماہانہ مدنی مشورہ نہیں کریں گے۔ (شعبے کے مدنی کام کو مضبوط اور منظّم کرنے کے لیے وقتاً فوقتاً اپنے نگرانِ مشاورت سے شعبے کے اسلامی بھائیوں کا مشورہ کروانا مفید ہے۔) ﴿16﴾ پاکستان / بیرونِ ملک سطح کے ذمہ دار ہر مدنی ماہ کی 7 تاریخ



www.dawateislami.net

